انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیمی بورڈ، راولپنڈی

حوالہ نمبر : OIA/ 929 /2024　　　　مورخہ : 04/ 11 /2024

نوٹیفکیشن
ریگولر طلباء/ طالبات

جناب پرنسپل،

گورنمنٹ/ الحاق شدہ جملہ کالجز/ ہائیر سیکنڈری سکولز،

اٹک، چکوال، تلہ گنگ، جہلم، مری، راولپنڈی۔

عنوان: آن لائن رجسٹریشن/ داخلہ شیڈول برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2024-2026

جملہ سربراہان ادارہ جات کی اطلاع کیلئے مشتہر کیا جاتا ہے کہ سیکنڈری سکول (دوسرا سالانہ) امتحان 2024 میں کامیاب طلباء/ طالبات کیلئے گیارہویں جماعت (Class-XI) تعلیمی سیشن 2024-2026 کی آن لائن رجسٹریشن/ داخلہ کا درج ذیل شیڈول جاری کیا جاتا ہے۔ ایسے اُمیدواران کیلئے ٹوٹل رجسٹریشن فیس مبلغ -/2750 روپے ہے۔

نمبر شمار	شیڈول	اداروں میں داخلہ، آن لائن ڈیٹا انٹری، بینک میں فیس جمع کاروانے کا آن لائن/ کمپیوٹرائزڈ اصل بینک چالان اور رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع کروانے کی حتمی تاریخیں۔
1.	رجسٹریشن/ داخلہ برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) بغیر لیٹ فیس	07 نومبر 2024ء تا 21 نومبر 2024ء
2.	رجسٹریشن اور داخلہ برائے گیارہویں جماعت (Class-XI) مبلغ 600 روپے لیٹ فیس فی طالب علم/ طالبہ کے ساتھ بورڈ کو واجب الادا ہوگی۔	22 نومبر 2024ء تا 02 دسمبر 2024ء
3.	اداروں میں درج بالا تاریخوں میں داخل کئے گئے طلباء طالبات کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس کے علاوہ یومیہ جرمانہ مبلغ -/200 روپے کے ساتھ جمع کروانے کا معاملہ۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن جمع نہ کروانے کی صورت میں مبلغ -/200 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ جمع کروانا ہوگا۔	ایسے طلباء و طالبات جن کا داخلہ اداروں میں مقرر کردہ درج بالا داخلہ شیڈول میں ہوا مگر رجسٹریشن ریٹرن آن لائن نہ ہو سکی نہ ہی BATCH بن سکے نہ ہی دفتر ہذا میں رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی جمع ہوئی تو ان اُمیدواران کی رجسٹریشن ریٹرن اصل مروجہ فیس کے علاوہ جرمانہ فی طالب علم/ طالبہ یومیہ مبلغ -/200 روپے کے ساتھ امتحانی داخلہ فارموں کے جاری کردہ ٹریل فیس تک لی جائے گی۔

ہدایات

درج بالا تاریخوں کے بعد کسی بھی ادارے کو رجسٹریشن ریٹرن/ داخلہ کی اجازت نہیں ہوگی۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس دونوں ہی درج بالا شیڈول ٹائم میں بمطابق شق نمبر (i) اور (ii) دفتر ہذا میں جمع کروانا لازمی ہے۔ رجسٹریشن ریٹرن کی ہارڈ کاپی اور مروجہ فیس میں سے کوئی ایک بھی دفتر ہذا میں جمع نہ کروانے کی صورت میں درج بالا شق نمبر (iii) کے تحت فیس و جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ آن لائن رجسٹریشن ریٹرن سے متعلقہ ضروری رہنمائی بورڈ کی ویب سائٹ (www.biserawalpindi.edu.pk) پر بھی دستیاب ہے۔ مینوئل (MANUAL) رجسٹریشن ریٹرن ہرگز وصول نہیں کی جائے گی۔ گیارہوں جماعت (Class-XI) کی رجسٹریشن ریٹرن آن لائن کرتے وقت طالب علم/ طالبہ کے کوائف میٹرک کی سند/ رزلٹ کارڈ/ IO-Level ایکویلنس سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) کی مصدقہ کاپی رجسٹریشن ریٹرن کے ساتھ لازمی منسلک کریں عدم دستیابی کی صورت میں رجسٹریشن نمبر جاری نہیں کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ ادارے پر ہوگی دفتر ہذا اداروں میں داخلہ حاصل کرنے والے کسی بھی طالب علم/ طالبہ کا اصل داخل خارج رجسٹر (Admission & withdral Register) ضرورت پڑنے پر ملاحظہ کیلئے منگوایا جاسکتا ہے۔

پروفیسر آصف حسین
سیکرٹری

CamScanner
Scanned with CamScanner